**Series ΨYZXW/C** **Set-4**

**Q.P. Code 5(A)**

Roll No. ☐☐☐☐☐☐☐☐

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

وقت: ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

Time allowed : **3** hours | Maximum Marks : **80**

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **13** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **18** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **13** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **18** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ چار حصوں پر مشتمل ہے۔

(ii) حصہ (الف)،عبارت فہمی اور شعر فہمی پر مبنی ہے اور جس کے **20** نمبر ہیں۔

(iii) حصہ (ب)، تحریری مہارت پر مشتمل ہے اور **25** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ (ج)، میں عملی قواعد سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں جو **20** نمبر کے ہیں۔

(v) حصہ (د)، ادب پر مشتمل ہے جو **15** نمبر کا ہے۔

(vi) سوال نامہ میں کل **18** سوالات ہیں۔ ہدایات کے مطابق تحریر کیجیے۔

**Instructions :**

(i) This Question Paper contains ***four*** sections.

(ii) **Section A** "Reading and Comprehension", carries ***20*** marks.

(ii) **Section B** "Writing Skills", carries ***25*** marks.

(iv) **Section C** "Functional Grammar", carries ***20*** marks.

(v) **Section D** "Literature", carries ***15*** marks.

(vi) This Question Paper comprises of ***18*** questions write the answer as per instructions.

## ( حصہ۔الف) :عبارت فہمی اور شعر فہمی(20نمبر)

## Section A Reading and Comprehension (20 Marks)

**1.** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ *5×1=5*

"تعلیم ایک وسیع میدان ہے جس سے مراد ہرگز کوئی مخصوص علم نہیں بلکہ انسان پر فرض ہے کہ وہ اپنی ضروریات کے پیش نظر مختلف علوم حاصل کرے۔ کیوں کہ وہ بیک وقت زندگی کے مختلف شعبوں میں کارآمد ہے۔ اسی لحاظ سے والدین اپنے بچوں کی تعلیم کے آرزومند ہیں تاکہ وہ پھلے پھولے اور شہرت حاصل کریں۔ معلّم تعلیم سے یہی غایت رکھتے ہیں کہ اس کے طلبا میں تمام علوم منتقل ہو جائیں۔ اہلِ سیاست خواہش مند ہیں کہ نئی نسل ذمہ دار شہری بنے۔ بہر حال تعلیم ہی وہ واحد مشعل راہ ہے جو انسان

کے لیے مہد سے لحد تک اہمیت رکھتی ہے۔اسی کے تحت انسان مکمل طور پر عصری تقاضوں کو پورا کرنے میں سرفرازی حاصل کر سکتا ہے۔ دورِ حاضر کا تقاضہ ہے کہ طلبا خوب مطالعہ کریں اور مختلف علوم میں مہارت حاصل کریں۔ اگرچہ اسکولوں میں چند مقررہ علوم کا انتخاب کیا جاتا ہے لیکن اگر طلبا ان میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں تو ترقی کی راہ پر بذاتِ خود گامزن ہو سکتے ہیں''.

(i) درج بالا اقتباس کس موضوع پر زور دیتا ہے؟

(a) سیاست (b) تعلیم

(c) ترقی (d) آلودگی

(ii) علم حاصل کرنا ہر انسان پر ______ ہے.

(a) ضروری (b) فرض

(c) لازم (d) بھاری

(iii) اس اقتباس میں 'استاذ' کے لیے کیا لفظ استعمال کیا گیا ہے ؟۔(ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) تعلیم کو کس طرح کی مشعل راہ بتایا گیا ہے ؟۔(ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) طلبا ترقی کی راہ پر کب گامزن ہو جاتے ہیں ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**2.** مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب!

کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو

شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا

ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو

مرتا ہوں خامشی پر، یہ آرزو ہے میری
دامن میں کوہ کے اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو
آزاد فکر سے ہوں، عزلت میں دن گزاروں
دنیا کے غم کا دل سے کانٹا نکل گیا ہو
لذت سرود کی ہو چڑیوں کی چہچہوں میں
چشمے کا شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو

(i) شاعر کس سے مخاطب ہے؟

(a) دوست (b) خدا

(c) حکومت (d) والدین

(ii) شاعر کا دل کیا ڈھونڈتا ہے؟

(a) سکوت (b) شورش

(c) تقریر (d) کامیابی

(iii) کون سا پرندہ چہچہاتا ہے ؟۔(ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) شاعر نے کس آرزو کا اظہار کیا ہے ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) غم کا کانٹا نکلنے سے کیا مراد ہے ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**3.** درج ذیل درسی نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5 \times 1 = 5$

(a) " میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں مکھن رکھتے دیکھا۔ چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لیے مایا نے کوزے میں پڑے ہوئے مکھن کو کنویں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا۔اس طرح مکھن جمع کرنے کی کوئی خاص وجہ تھی۔ایسی بات عموماً مایا کے کسی عزیز کی آمد کا پتہ دیتی تھی۔ہاں ! اب مجھے یاد آیا دو دن کے بعد مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے راکھی بندھوانے کے لیے آنے والا تھا۔یوں تو اکثر بہنیں بھائیوں کے یہاں جا کر انھیں راکھی باندھتی ہیں، مگر مایا کا بھائی اپنی بہن اور بھانجے سے ملنے کے لیے خود ہی آ جایا کرتا تھا اور راکھی بندھوالیا کرتا تھا۔راکھی بندھوا کر وہ اپنی بیوہ بہن کو یقین دلاتا تھا کہ اگرچہ اس کا سہاگ لٹ گیا مگر جب تک اس کا بھائی زندہ ہے،اس کی رکھشا،اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لیتا ہے"۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) بھولا
(b) نیا قانون
(c) آزمائش
(d) مخلوط زبان

(ii) اس اقتباس کے مصنّف کا نام کیا ہے ؟

(a) حیات اللہ انصاری
(b) راجندر سنگھ بیدی
(c) محمد مجیب
(d) مولوی عبدالحق

(iii) کس چیز کی کھٹاس دور کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے ؟۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) مایا کا بھائی کس لیے آرہا تھا ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) مایا کا بھائی کس چیز کی ذمہ داری لیتا ہے ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

## یا

(b) ''اور جب گاما چودھری نے اس سے یہ پوچھا کہ اسپین کہاں واقع ہے تو استاد منگو نے بڑی متانت سے جواب دیا تھا۔ ''ولایت میں اور کہاں''؟ اسپین میں جنگ چھڑی اور جب ہر شخص کو اس کا پتہ چل گیا تو اسٹیشن کے اڈے میں جتنے کوچوان حلقہ بنائے حقّہ پی رہے تھے، دل ہی دل میں استاد منگو کی بڑائی کا اعتراف کر رہے تھے اور استاد منگو اس وقت مال روڈ کی چمکیلی سطح پر تانگہ چلاتے ہوئے اپنی سواری سے تازہ ہندو مسلم فساد پر تبادلۂ خیال کر رہا تھا۔

استاد منگو کو انگریزوں سے بڑی نفرت تھی اور اس کا سبب وہ یہ بتلایا کرتا تھا کہ وہ اس کے ہندوستان پر اپنا سکّہ چلاتے ہیں اور طرح طرح کے ظلم ڈھاتے ہیں۔ مگر اس تنفر کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ چھاؤنی کے گورے اسے بہت ستایا کرتے تھے۔ اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتے تھے گویا وہ ایک ذلیل کتّا ہے''۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) آزمائش (b) ماحول بچائیے

(c) نیا قانون (d) بھولا

(ii) اس اقتباس کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(a) ابنِ انشا (b) راجندر سنگھ بیدی

(c) سعادت حسن منٹو (d) حیات اللہ انصاری

(iii) استاد منگو کی سواری کیا تھی؟۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) اڈے کے تمام کوچوان دل ہی دل میں کیا کر رہے تھے ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) منگو کی انگریزوں سے نفرت کرنے کی سب سے بڑی وجہ کیا تھی ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**4.** درج ذیل درسی شعری اقتباسات میں سے کسی ایک غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ $5 \times 1 = 5$

(a)

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بدقمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے ہیں یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہوتا ہے ہو وہی
دانش تری، نہ کچھ میری دانشوری چلے

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) سوداؔ

(b) ذوقؔ

(c) شادؔ

(d) اکبرؔ

(ii) پہلے شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(a) تضاد (b) مراعات النظیر (c) تلمیح (d) تعلیل

(iii) کس چیز سے دل نہ لگنا بہتر ہے ؟۔(ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) بد قمار کے کیا معنی ہیں ؟۔(ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) عمر خضر سے کیا مراد ہے ؟۔(ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**یا**

(b)

خیموں کا اک جنگل دیکھا    اس جنگل میں منگل دیکھا
برھما اور ورنگل دیکھا    عزت خواہوں کا دنگل دیکھا

سڑکیں تھیں ہر کمپ سے جاری    پانی تھا ہر پمپ سے جاری
نور کی موجیں لَمپ سے جاری    تیزی تھی ہر جمپ سے جاری

(i) درج بالا شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے ؟

(a) گرمی اور دیہاتی بازار    (b) او دیس سے آنے والے بتا!

(c) جلوۂ دربارِ دہلی    (d) آندھی

(ii) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(a) جوشؔ    (b) اکبرؔ

(c) اخترؔ    (d) شادؔ

(iii) خیموں کی واحد لکھیے۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) ''جنگل میں منگل ہونا'' ایک محاورہ ہے۔اس کے معنی لکھیے۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) سڑکیں اور پانی کہاں کہاں سے جاری تھا ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

## ( حصہ۔ب) : تحریری مہارت(25نمبر)
## Section B Writing Skills (25 Marks)

**5.** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300 – 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *1×10=10*

(i) بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور اُن کا حل

(ii) کورونا وبا کے دوران شہر کے حالات

(iii) آن لائن تعلیم کے فائدے اور نقصان

**6.** (a) والد صاحب کو خط لکھ کر بتائیے کی دسویں جماعت میں پاس ہونے کے بعد گیارھویں جماعت میں ہمیونیٹیز، کامرس یا سائنس میں سے آپ کون سا کورس اختیار کریں گے اور کیوں؟ *1×4=4*

**یا**

(b) پرنسپل کے نام درخواست لکھ کر اپنے اسکول میں تقریری مقابلہ کرانے کے لیے اجازت حاصل کیجیے۔

**7.** (a) الطاف حسین حالی اور محمد مجیب میں سے کسی ایک کا تعارف لکھیے۔ *1×4=4*

**یا**

(b) ''عورتوں کے حقوق'' اور ''مخلوط زبان'' میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔

**8.** (a) ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' اور'' جوش ملیح آبادی'' میں سے کسی ایک شاعر پر نوٹ لکھیے۔ *1×3=3*

**یا**

(b) ''گرمی اور دیہاتی بازار'' اور'' اودیس سے آنے والے بتا!'' نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔

**9.** افسانہ '' گلّی ڈنڈا'' یا ''فقیر'' میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھیے۔ *1×4=4*

## (حصہ۔ج) : عملی قواعد(20 نمبر)

## Section C Functional Grammar (20 Marks)

**.10** (i) وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانے کی طرف اشارہ کرے کیا کہلاتا ہے؟۔مثال بھی دیجیے۔ *1+2=3*

(ii) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو کیا کہلاتا ہے؟ *1×1=1*

(a) فعل ناقص (b) فعل حال

(c) فعل معروف (d) فعل مجہول

(iii) فعل کہتے ہیں۔۔۔ *1×1=1*

(a) وہ لفظ جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتہ چلے۔

(b) وہ لفظ جس سے کام کرنے کا پتہ چلے۔

(c) وہ لفظ جس پر کام کا اثر پڑے۔

(d) وہ فعل جو ماضی میں کیا گیا ہو۔

**.11** دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

(i) اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کا نام اور اس کی تعریف لکھیے۔ *1+2=3*

(ii) شعر میں کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کیا کہلاتا ہے؟ *1×1=1*

(a) تضاد (b) تلمیح

(c) تعلیل (d) شہرت

(iii) کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا کیا کہلاتا ہے؟ *1×1=1*

(a) تلمیح (b) کنایہ

(c) تشبیہہ (d) تضاد

**12.** (i) درج ذیل محاوروں میں سے تین کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ $3\times1=3$

(a) نام روشن کرنا

(b) خانہ خراب ہونا

(c) ہوا سے باتیں کرنا

(d) خون کھولنا

(e) جان میں جان آنا

(ii) ''ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا'' کیا ہے؟ $1\times1=1$

(a) کہاوت (b) محاورہ

(c) جملہ (d) مصرع

(iii) ''باغ باغ ہونا'' کے کیا معنی ہیں؟ $1\times1=1$

(a) بہت سارے باغ کا مالک (b) بہت زیادہ دولت حاصل کرنا

(c) بہت خوش ہونا (d) بہت زیادہ پیڑ لگانا

**13.** (i) اس علامت '' ؟'' کا نام کیا ہے؟ $1\times1=1$

(a) سوالیہ (b) ندائیہ (c) ختمہ (d) واوین

(ii) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں، اسے کیا کہتے ہیں؟ $1\times1=1$

**14.** بہار بے سپر جام و یار گزرے ہے
نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزرے ہے

(i) شعری اصطلاح میں درج بالا شعر کو کیا کہتے ہیں؟ $1\times2=2$

(ii) شعر کی ہر سطر (لائن) کو کیا کہتے ہیں؟ $1\times1=1$

(a) ردیف (b) بحر (c) مصرع (d) قافیہ

## (حصہ۔د) : ادب (15 نمبر)

## Section D Literature (15 Marks)

**15.** درسی کتاب کے نثری حصّے سے پوچھے گئے درج ذیل سوالات میں سے دو کے جواب لکھیے۔ $2\times2=4$

(i) سر سید کا بچپن کیسا تھا ؟

(ii) رام سہائے اور بھاگ وتی کے خیالات میں کیا فرق تھا ؟

(iii) اسلام نے عورتوں کو کیا اختیارات دیے ہیں ؟

(iv) مخلوط زبان کسے کہتے ہیں ؟

**16.** درسی کتاب کے شعری حصّے سے پوچھے گئے درج ذیل سوالات میں سے دو کے جواب لکھیے۔ $2\times2=4$

(i) قطعہ بند اشعار کسے کہتے ہیں؟ سوداؔ کی غزل کی روشنی میں جواب لکھیے۔

(ii) شادؔ عظیم آبادی نے اپنی غزل میں ''نایاب ہیں ہم'' کیوں کہا ہے؟

(iii) دہلی دربار کس موقع پر کیا گیا تھا؟

(iv) نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار'' میں دیہاتی بازار کا کیسا منظر پیش کیا گیا ہے؟

**17.** معاون درسی کتاب ''گلزارِ اردو'' سے پوچھے گئے درج ذیل سوالات میں سے دو کے جواب لکھیے۔ $2\times2=4$

(i) پریم چند نے گلّی ڈنڈا کو کھیلوں کا راجا کیوں کہا ہے ؟

(ii) افسانہ 'فقیر' میں پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا ؟

(iii) افسانہ ''آئی۔ سی۔ ایس'' کے مرکزی کردار اور مصنف کا نام بتائیے۔

(iv) نور خاں کو گدڑی کا لال کیوں کہا گیا ہے ؟

**18.** درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ $1\times3=3$

(i) افسانہ

(ii) غزل

(iii) ڈرامہ